U.0544

سلسلہ تعلیم و ترقی نمبر ۱

نماز

بالغ مبتدیوں کے لئے

مکتبہ جامعہ
دہلی - نئی دہلی - لاہور - لکھنؤ

نَماز پَڑھو

نَمازی آدمی کا تن صَاف ہوتا ہےَ ، مَن صَاف ہوتا ہےَ اور جب وُہ نَماز پَڑھنے کھَڑا ہوتا ہے تو اَیسا مَعلُوم ہوتا ہےَ کہ وہ اَللّٰہ کے سَامنے کھَڑا ہےَ اَور اَللّٰہ اُس کو دِیکھ رَہا ہےَ ۔ بھَلا اَیسا ہُوسکتا ہےَ کہ جب اَللّٰہ دِیکھ رہا ہو تو اِنسَان کوئی بُرا کام کرَے۔ اگر یہ یَقین اُس کے دِل کے اندر ہوگا تو ہمیشہ نیکی اَور بھَلائی کے کام کرے گا ۔ بُرے کام اَور بُری باتوں سے اُس کو دِلی نفرَت ہوجائے گی ۔

اگر کوئی نَمازی اَیسا نہیں ہے تو جان لو کہ اُس کی نَماز میں کچھُ کھُوٹ ضرُور ہے ۔

نَماز پڑھو ، نیک بَنو اَور نیکی کرو ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اذان

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ، اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ، حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

صُبح کی اذان میں "حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ" کے بعد "اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ" دو دفعہ کہے۔

اَذان کے بَعد کی دُعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝

تکبیر تحریمہ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

ثَنَا

سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَ تَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ ط

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

تسمیع

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ط

تحمید

رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ ط

رکوع کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ

سجدہ کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ۝ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ۝

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

دُعا

(درود شریف کے بعد)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ؕ

دُعائے قنوت

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ نُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِیْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَ لَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ ؕ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَ نَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ۝

سُورَۂ فَاتحَہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ
اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

سُورَۂ کوثَر

اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ؕ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ؕ اِنَّ شَانِئَكَ
هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

سُورَۂ اَخلَاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ
یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سُوْرَہ فلق

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَہ اَلنَّاس

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

نماز پڑھنے کا طریقہ

صاف ستھرے کپڑے پہن کر وضو کرلو ۔ اور پاک جگہ پر قبلے کی طرف منہ کرکے کھڑے ہوجایا کرو ۔ پہلے دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اٹھاؤ، ہاتھ کے انگوٹھے کان کی لو کے پاس رہیں (عورتیں کاندھوں تک ہاتھوں کو بلند کریں) ۔ پھر نماز کی نیت کرو، اور تکبیر یعنی اَللّٰہُ اَکبَرْ کہہ کر دونوں ہاتھوں کو ناف کے ذرا نیچے باندھ لو کہ داہنا ہاتھ اوپر اور بایاں ہاتھ اس کے نیچے رہے ۔ نماز میں ادب سے اس طرح

کھڑے رہو کہ گویا تُم اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہو
اور اللہ تعالیٰ تُم کو دیکھ رہا ہے ، اور ثنا ر یعنی
سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الخ پڑھو۔ پھر اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ
الرَّجِیْمِ اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ آہستہ
پڑھ کر سُورۂ فاتحہ یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الخ پڑھو اور جب
سُورۂ فاتحہ ختم ہوجائے تو آمِیْن کہو۔ پھر کوئی
سُورت جو تُم کو یاد ہو پڑھو۔ پھر اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر
رُکُوع کے لئے جھکو اور اپنے دونوں ہاتھوں سے
گھٹنوں کو پکڑو اور رکوع کی تسبیح یعنی سُبْحَانَ رَبِّیَ
الْعَظِیْمِ کم از کم تین بار پڑھو۔ پھر سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ
حَمِدَهٗ کہتے ہوئے سیدھے کھڑے ہوجاؤ اور رَبَّنَا
لَكَ الْحَمْدُ کہو۔ پھر تکبیر کہتے ہوئے سجدے میں
جاؤ یعنی اپنے سر کو زمین پر رکھ کر سجدے کی

تسبیح سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی کم سے کم تین بار پڑھو،
پھر تکبیر کہتے ہوئے سجدے سے سر کو اُٹھاؤ اور
دوزانو بیٹھ جاؤ۔ پھر تکبیر کہہ کر دُوسرا سجدہ بھی
اسی طرح کرلو۔ اب ایک رکعت پُوری ہوگئی۔
پھر تکبیر کہتے ہُوئے سیدھے کھڑے ہوجاؤ، یہاں
سے دُوسری رکعت شُروع ہوتی ہے۔ پہلی رکعت
کی طرح پہلے سُورۂ فاتحہ پڑھو، اس کے بعد اَور
کوئی سُورت جو یاد ہو پڑھو۔ پھر رُکوع کرو اَور
رُکوع کے بعد سیدھے کھڑے ہوجاؤ اَور دونوں سجدے
کرکے دوزانو بیٹھ جاؤ اور تشہّد پڑھو۔ تشہّد میں
اَشھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہتے وقت
شہادت کی اُنگلی لَآ اِلٰہَ پر اٹھاؤ اور اِلَّا اللّٰہُ
پر رکھ دو، پھر درُودِ ابراہیم پڑھو۔ اِس کے بعد درُود

کے بعد کی دُعا پڑھو، پھر سلام پھیرو یعنی پہلے سیدھی جانب مُنہ پھیرکر اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ وَ رَحمَۃُ اللّٰہ کہو، پھر بائیں جانب مُنہ پھیرکر اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ وَ رَحمَۃُ اللّٰہ کہو۔ اب دو رکعت نماز پُوری ہوگئی۔ اگر تین یا چار رکعتیں پڑھنی ہوں تو تشہّد پڑھ کر سیدھے کھڑے ہوجاؤ اور باقی رکعتیں بھی اوپر بتائے ہوئے طریقے سے پڑھو۔

اِتنا یاد رکھو کہ فرض نمازوں کی تیسری اور چوتھی رکعتوں میں سُورۂ فاتحہ کے بعد اور کوئی سُورت نہ پڑھا کرو۔

نماز اگر جماعت کے ساتھ پڑھی جائے تو ثَنا پڑھ کر صِرف خاموش کھڑے رہو۔

ظُہر اور عصر کی فرض نمازوں میں قُرآن

یعنی سُورۂ فاتحہ اور اِس کے بعد کی سُورت چُپکے چُپکے پڑھو، اور فجر، مغرب اور عشا کی فرض نمازوں میں پہلی دو رکعتوں میں قرآن زور سے پڑھو۔ مغرب کی آخری ایک رکعت اور عشا کی آخر کی دو رکعتوں میں صِرف اَلحمد الخ پڑھی جائے گی وُہ بھی چُپکے چُپکے۔

اگر جماعت ہورہی ہو تو اِمام جس حالت میں ہو اُسی میں جماعت میں شریک ہوجاؤ، اور نماز کا جس قدر حِصّہ باقی رہ گیا ہے اُسے اِمام کے سَلام پھیرنے کے بعد پُورا کرلو۔ مگر یاد رکھو کہ اگر تم رُکوع سے پہلے یا رُکوع میں کم از کم ایک تسبیح کے برابر نماز میں شریک ہوئے تو تم کو وُہ رکعت مِل گئی، اور اگر رُکوع کے بعد

شریک ہوئے تو تم کو وہ رکعت پوری پڑھنی چاہیئے۔

وتر کی نماز مین پہلی دو رکعتین تو اور نمازون کی طرح پڑھو اور تشہد کے بعد کھڑے ہوکر تیسری رکعت مین سورۂ فاتحہ اور اسی کے ساتھ کوئی اور ایک سورت پڑھو۔ پھر دونون ہاتھون کو کانون تک اٹھاکر تکبیر کہتے ہوئے ہاتھون کو بدستور باندھ لو اور دعاے قنوت پڑھو۔ پھر رکوع کرو اور دونون سجدے کرکے تشہد اور درود اور دعا پڑھو اور سلام پھیرو۔

رکعتیں

نماز کا نام	سُنّت فرض سے پہلے	فَرض	سُنّت فرض کے بعد
فجر	دو رکعت مؤکدہ	دو رکعت	×
ظہر	چار رکعت مؤکدہ	چار رکعت	دو رکعت مؤکدہ
عصر	چار یا دو رکعت مستحب	چار رکعت	×
مغرب	×	تین رکعت	دو رکعت مؤکدہ
عشاء	چار رکعت مستحب	چار رکعت	دو رکعت مؤکدہ تین رکعت وِتر واجب
جمعہ	چار رکعت مؤکدہ	دو رکعت	چار رکعت مؤکدہ دو رکعت مستحب

جید پریس دہلی

قیمت ۱ر